(6 pages)

**DECEMBER 2022** **U/ID 33276/ULF1A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ پہلے درویش کے باپ کا کیا نام تھا؟

۲۔ مرزا غالبؔ کے مکان کے پاس کس قسم کے لوگ پڑے رہتے تھے؟

۳۔ ہزاروں برس اپنی قوم کے ہاتھوں مصیبت جھیلنے والے نبی سے کون مراد ہیں؟

۴۔ زبیدہ خاتون کس خلیفہ کی بیگم تھی؟

۵۔ پطرس بخاری کے پڑوسی کا نام کیا تھا؟

۶۔ حاتم کی تلاش پر نوفل نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟

۷۔ سرسید نے کیا تخلص اختیار کیا تھا؟

۸۔ نور جہاں کی پہلی شادی کس کے ساتھ ہوئی تھی؟

۹۔ پطرس بخاری نے بائسیکل کتنے روپے میں خریدی تھی؟

۱۰۔ نواب محمود کو کس صنف سخن میں شہرت حاصل تھی؟

۱۱۔ خط میں تاریخ کہاں لکھی جاتی ہے؟

۱۲۔ خط کے اجزاء کیا کیا ہیں؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''تاریخ میں بمشکل کوئی ایسا خاندان نظر آئے گا جو اس طرح کئی پشتوں تک اپنی قدر و منزلت کو قائم رکھے ہوئے علم و ادب کی زرین خدمات کرتا چلا جا رہا ہو۔''

۱۴۔ ''وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے، نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔''

۱۵۔ ''غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے، ہر دم کہنے سننے سے اپنا بھی مزاج بہک گیا۔''

۱۶۔ ''بھئی جیسے تمہاری مرضی میں تو اب بھی یہی کہتا ہوں کہ قیمت و بیمت جانے دو، لیکن میں جانتا ہوں کہ تم نہ مانو گے۔''

۱۷۔ ''ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔ تھک جاتی تو ہاتھ چوسنے لگتی تھی مگر قسمت سرہانے کھڑی ہنستی تھی کہ جلدی نہ کر جس محل میں تجھے ملکہ بنا کر بٹھانا ہے، وہ ابھی تعمیر نہیں ہوا۔''

۱۸۔ ''اب جو کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں
تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔''

۱۹۔ ''اس طرح بیٹھ کر مفت میں روٹیاں توڑتے
رہنے سے دنیا والے طعن و تشنیع کریں گے کہ
باپ کی دولت کھوکر بہنوئی کے ٹکڑوں پر آپڑا ہے۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ بیان کیجئے۔

۲۱۔ ملکہ نور جہاں کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

۲۲۔ سرسید کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۲۳۔ محلّہ میں پھیلی ہوئی گندگی کی شکایت کرتے ہوئے حکام کے نام ایک خط لکھئے۔

۲۴۔ اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے جس میں کالج کی فیس کی ادائیگی کے لئے رقم کا مطالبہ کیا گیا ہو۔

---